جلد ۴۲ نمبر (۸)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۴ فروری سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	مختصر کیفیت مضمون	نمبر صفحہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۹ فروری سنہ ۱۹۳۰ء

بمنظوری یادداشت صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات دربارہ اضافہ تنخواہ بقدر مبلغ دس روپیہ ماہوار منشی شوکت علیخان ہیڈ اسسٹنٹ محکمہ برقی بلحاظ قابلیت و حسن خدمات۔

حکم

منشی شوکت علیخان ہیڈ اسسٹنٹ دفتر برقی کی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ موجب رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۹ فروری سنہ ۱۹۳۰ء

حسب صراحت تحریر صاحب ممبر ریونیو سکریٹری بہادر بابت مواضعات علاقہ جدید تحصیل [illegible] زیر بندوبست جدید کے اندراجات جمعبندی و کھیوٹ کی تکمیل کے لئے صدر قانونگو کو دفعات نمبر ۱ و نمبر ۲ مندرجہ تحریر صاحب ممبر ریونیو سکریٹری بہادر کے اختیارات عطا کئے جاتے ہین۔

تصدیق بندوبستی مصرحہ دفعات نمبر ۱ و نمبر ۲ متذکرہ صدر کی کارروائی کی بابت اپیل اول حاکم صدر کے اور اپیل دوم صاحب ممبر ریونیو سکریٹری بہادر کے اجلاس مین ہوگا۔

صدر قانونگو کو بیس روپیہ ماہانہ الاؤنس اس کام کا اُسوقت تک کہ وہ یہ کام کرینگے دیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

بخدمت شریف جناب چیف سکریٹری صاحب بہادر۔

جناب من۔ بارہ مواضعات علاقہ جدید تحصیل ٹانڈہ زیر بندوبست جدید کی ابتدائی کارروائی بندوبستی ختم کرانیکی بغرض سے صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر نے ۲۳ نومبر کو یہ تحریک پیش کی ہو کہ صدر قانونگو کو دفعات (۴۹ و ۶۰ و ۶۱) ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء کے موافق اختیارات عطا فرمائے جائیں۔ تحت دفعات مذکور صیغہ جات تحت کی کارروائی باختیارات کلکٹری کرنا چاہتی ہے۔

صحت نقشہ جات تعین اقسام زمین اندراج چکبندی اندراج کیبوٹ تقرر نمبرداران تقرر چوکیداران بوات دخلخارج ہرقسم اضافہ لگان تبادل لگان۔

یہ رپورٹ زیر پیشی بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم ہے اور بندوبستی کام ملتوی ہو رہا ہے چکبراشی اقسام زمین و ترتیبات نقشہ کشتوار کو جونیر ریونیو سکریٹری صاحب بہادر ملاحظہ کرچکے ہیں اس لئے دو صیغہ جات اول الذکر کا کام ختم ہوچکا ہے فی الحال اندراج چکبندی و کیبوٹ کا کام مکمل ہونا ضرور ہے جو تصدیق بندوبستی پر موقوف ہے اور اسکی موسم سرما پیش آمدہ میں ختم ہونا چاہئے۔ کیونکہ صرف سنہ ۱۳۴۰ف میعاد بندوبست رواں میں باقی ہے۔ سنہ ۱۳۴۱ف سے جدید جمع لیجائیگی۔ سر رفتہ تصدیق بندوبستی کے لئے سرمائی موسم مناسب ہوتا ہے۔ جسکے بعد دفتر میں برآمدگی پرتہ جات و تکمیل نقشہ جات متعلقہ کا کام اور اُسکے منظوری ہوکر اعلان جمع کی نوبت آئیگی۔ ممکن تھا کہ تحصیلدار صاحب ٹانڈہ کو اپنے اختیارات دلاکر کام چلایا جاتا۔ مگر وہ نئے ہیں اور بندوبستی کام سے واقف نہیں ہیں۔ ان وجوہات سے باتفاق رائے جونیر ریونیو سکریٹری صاحب بہادر نیازمند کی رائے میں بھی بلحاظ ضرورت تکمیل تصدیق بندوبستی کے لئے صرف اختیارات ذیل منجملہ منشاء صدر الذکر کے فی الحال صدر قانونگو کو عطا فرمائے جائیں تاکہ چکبندی و کیبوٹ کے اندراجات کو جلد مکمل کرالیا جائے۔

نمبر ۱۔ لگان و نوعیت و مدت کاشت کاشتکاران و زمینداران کی تصدیق و بحالت پیش ہونے کسی نزاع کے اُسکا فیصلہ

نمبر ۲۔ زمینداران سے حصص کیبوٹ کی تصدیق اور اُسکے نزاعات پیش آمدہ کا تصفیہ۔ دونوں امورات بالا کے متعلق اگر کچھ اسلہ تصحیح چکبندی یا اندراج کیبوٹ کے اجلاس ہائے متعلقہ میں دائر ہونگے وہ بدستور انھیں اجلاس ہائے میں فیصل ہونگے سپردگی صدر قانونگو کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ انکی اطلاع میں اجلاس ہٰذا میں آتی رہیگی جنکے احکام جاری ہوچکے ہیں۔ تصدیق بندوبستی مذکورہ بالا کے متعلق جو حکم صدر قانونگو دینگے اُنکا اپیل اول باجلاس حاکم صاحب صدر و اپیل دوم باجلاس ہٰذا دائر ہوگا۔ صدر قانونگو صــ تنخواہ اور صـــ پارس الاؤنس پاتے ہیں۔ نیازمند کی رائے میں جبتک وہ کام تصدیق چکبندی و کیبوٹ کریں صــ ماہانہ الاؤنس انکو دیا جائے اس لئے کہ یہ کام ذمہ داری کا ہے بلا تقرر کسی الاونس کے لیا جانا مناسب نہیں معلوم ہوتا ہے۔ یکم فروری سنہ ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر عارضی جونیر سکریٹری بہادر

از دفتر صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل تحریر اجلاس ہٰذا مورخہ یکم فروری سنہ ۱۹۳۳ء و نقل حکم اجلاس ہمایوں دام اقبالہم وملکہم و نقل حکم ہٰذا صدر قانونگو کو دیجائے اور درج گزٹ بھی کرا دیجائے۔ صدر قانونگو جب اس کام کو شروع کریں اور جب ختم کریں انکی رپورٹیں اجلاس ہٰذا میں پیش کریں انھیں رپورٹوں پر برآمدگی الاونس و مسدودی الاونس کے احکام دیے جائینگے۔ ۱۱ رفروری سنہ ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر عارضی جونیر سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۱۵ رفروری سنہ ۱۹۳۳ء

منشی نورتن لال برادر مسٹر پنا لال کلکٹر بدایوں کا تقرر بعہدہ نائب تحصیلداری حضور تحصیل بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہانہ منظور ہے۔ کاغذ بغرض اجراء احکام صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۶ رفروری سنہ ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۳ رفروری سنہ ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس درباب برخاستگی مسمی عبدالحق نائب مدرس مدرسہ بہوٹ بقال تحصیل سوار بوجہ عادی ہونے غیر حاضری

حکم

عبدالحق نائب مدرس مدرسہ بہوٹ بقال تحصیل سوار عرصہ سے غیر حاضری کا عادی ہے متواتر کئی روز تک غیر حاضر رہتا ہے۔ لہٰذا مدرس مذکور برخاست کیا جائے۔

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۳ فروری ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ علی حسین مدرس مدرسہ کسرول تحصیل حضور کی مدت ملازمت غیر مستقل میں آخر اپریل ۱۹۳۳ء تک توسیع کی گئی لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیعات

۱۸ اپریل ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ مدرسان مرقومہ تحت کی مدت ملازمت غیر مستقل میں یکم مارچ ۱۹۳۳ء سے آخر اپریل ۱۹۳۳ء تک توسیع کی گئی۔

۱۔ احمد اللہ خان مدرس مدرسہ کرا تحصیل شاہ آباد۔
۲۔ محمود شاہ خان مدرس مدرسہ منکرہ پرگنہ حضور تحصیل۔
۳۔ ایوب بیگ مدرس مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور۔
۴۔ حیدر حسن مدرس مدرسہ کریم پور تحصیل سوار۔
۵۔ فیض الحسن مدرس مدرسہ لانبہ کھیڑہ تحصیل ٹانڈہ۔
۶۔ حکمت اللہ خان مدرس دوم مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور۔

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس خاص صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۶ فروری ۱۹۳۳ء

دربارہ منظوری رخصت چند ماہ منشی محمد حسن خان گرداور قانونگوی تحصیل شاہ آباد برائے حج مع تنخواہ پیشگی حسب منظوری اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔

حکم

یکم مارچ ۱۹۳۳ء سے محمد حسین خان گرداور رخصت سے مستفادہ چاہتا ہے۔ لہذا احکام منظوری رخصت جاری ہوں۔ اور دیوان صاحب صدر کو بھی لکھا جائے کہ حسب منظوری اجلاس ہمایوں دام اقبالہم و ملکہم چہار ماہ کی تنخواہ پیشگی گرداور کو دیدیجائے۔ تحصیلدار شاہ آباد کو لکھا جائے کہ موہن چند پٹواری کو انچارج گرداور تجویز کرنے میں کوئی تامل نہیں ہے مگر ایک ہی شخص کا حلقہ پر بھی مامور رہنا اور کام گرداوری کا بھی کرنا باعث اتفاق بیجا کا سرکار ہے۔ چونکہ حلقہ بھی موہن چند کا شاہ آباد سے قریب تر ظاہر کیا جاتا ہے۔ لہذا تجویز ہو کر رپورٹ آنا چاہئے کہ موہن چند اپنے طور پر کسی کو محض حلقہ اپنی جانب سے مقرر کرسکتا ہے یا نہیں جو حلقہ کا کام کرتا رہیگا۔ لیکن نگرانی و ذمہ داری موہن چند کی بدستور کام حلقہ کی بابت بھی رہیگی۔ آج ہی احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ سوم ماہ فروری سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ۱۰ ار ۹ ار ۹ ۱۰ ار		۹ ۱۰ ار			۱۰۵ ار	
نخود خالص	۱۲ ار ۱۰۶ ار		۱۰۵ ار			۸ ار	
نخود کنکر آمیز	۶ ار		۰			۱۰۷ ار	
جو	۱۰۷ ار		۰			۸ ار	
ماش	۱۵ ار ۱۰۵ ار		۱۵ ار			۱۵ ار	
مونگ	۱۰۴ ار ۱۰۵ ار		۰			۱۵ ار	
مکا	۱۱ ار ۱۲ ار		۱۱ ار			۱۲ ار	
جئی	۱۰۱۲ ار		۰			۱۱ ار	
گوجئی	۱۰۸ ار		۰			۹ ار	
مسور	۶ ار		۰			۶ ار	
ارہر	۱۰۵، ۶ ار		۰			۶ ار	
برنج	۴ ار ۱۰۵ ار ۱۰۵ ار		۵ ار			۶ ار	
روغن زرد	۵ چھٹانک ۸ چھٹانک		۶ چھٹانک			۰۰ ار	
روغن سیاہ	۱۰۱ ار		۱ ار			۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱ ار		۱۰۱ ار			۱۰۱ ار	
نمک سانبھر	۱۰۹ ار		۱۱ ار			۱۲ ار	
نمک لاہوری	۲ ار		۲ ار			۸ ار	
قند سیاہ	۱۰ ار ۸ ار		۱۰۲ ار			۹ ار	
باجرہ	۱۰۸ ار					۸ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور